یہ اطلاع دارالعلوم کے لئے نعمت غیر مترقبہ سے کم نہ تھی۔ چنانچہ فوری طور پر آپ کے استقبال اور شایان شان خیر مقدم کی تیاری کی گئی اور انتہائی قلیل وقت میں طلبہ دارالعلوم اور دیگر افراد جی ٹی روڈ پر دو طرفہ صف بستہ ہوئے جوں ہی آپ کار سے اترے تو استقبالیہ نعروں سے ہزاروں طلبہ نے ان کا خیر مقدم کیا۔

ہماری دعا ہے کہ آپکا یہ دورۂ پاکستان دور رس نتائج کا حامل ہو جائے اور مملکت خداداد پاکستان کو بھی اسلامی نظام اور شرعی قوانین کی برکتوں سے نوازے۔ (امین)

O　دوسری عظیم شخصیت روسی ظلم و بربریت کی شکار اسلامی خود مختار ریاست چیچنیا کے سابق نائب صدر اور موجودہ مشیر جناب زیلم خان کی آمد ہے۔ آپ کی پاکستان تشریف لانے پر اسلام آباد میں آپ اور آپکے رفقاء کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا گیا اس سے ہمارے سر شرم سے جھک گئے کہ عالم اسلام کی عظیم جہادی شخصیت کے ساتھ ایک اسلامی مملکت میں ایسی شرمناک حرکت کا مظاہرہ کیا جائیگا۔ اس حیا سوز حرکت پر دینی درد سے سرشار مسلمانوں میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی۔ اور ملک کے کونہ کونہ سے ان مشرم و غیرت سے عاری افراد کے خلاف تحقیقات کا مطالبہ زور پکڑ گیا۔ آپکی آمد کی اطلاع رات کو ہوئی تھی اور صبح سویرے ہی سے طلبہ آپ کے استقبال کے لئے سرگرم ہوگئے۔ چونکہ وقت بھی کافی تھا اس لئے گاؤں اور شہر میں آپ کی تشریف آوری کے اعلانات کرائے گئے۔

آپ کے استقبال کے لئے حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق مدظلہ، شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدظلہ، نائب مہتمم مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور دیگر اساتذہ حضرات اور طلبہ اور عامتہ المسلمین سمیت چشم براہ تھے آپ کے نمودار ہوتے ہی طلبہ اور عوام کا جذبہ اور جہادی ولولہ قابل دید تھا آپ کی تشریف آوری مصروفیات کے متعلق مکمل اور مفصل رپورٹ دارالعلوم کے شب و روز میں ملاحظہ فرمائیں۔

☆☆☆☆☆☆☆